22/05/2025

09.25 AM(5 min)

آداب

یہ آکاش وانی سرینگر ہے ۔

اب آپ  مشاہد حسین سے خبریں سُنئے

وزیر اعظم

وزیر اعظم نریندر مودی آج راجستھان کا دورہ کر کے 26 ہزار کروڑ روپے مالیت کے ترقیاتی پروجیکٹوں کا سنگ بنیاد رکھیں گے اور قوم کے نام وقف کریں گے ۔ ان میں سڑک ، ریلوے ، پانی ، بجلی نیز نئی اور قابل تجدید توانائی کے سیکٹروں کے پروجیکٹ شامل ہوں گے ۔ وزیر اعظم ساتھ ہی 18 ریاستوں اور یوٹیز میں پہیلے 103 نو تعمیر شدہ امرت اسٹیشنوں کا بھی افتتاح کریں گے ۔

لیفٹنٹ گورنر

جموں کشمیر  انتظامیہ سرحدی شیلنگ کے متاثرین کی باز آباد کاری کے لئے ضروری اقدام کر رہی ہے ۔ اس سلسلے میں لیفٹنٹ گورنر منوج سنہا نے کل پونچھ کے فائرنگ سے متاثرہ کنبوں سے ملاقات کے دوران اعلان کیا کہ شیلنگ میں فوت ہونے والے افراد کے قریبی لواحقین کو سرکاری نوکری دی جائے گی ۔

-------

منوج سنہا نے راجوری کے نوشیرہ علاقے کا بھی دورہ کیا جہاں انہوں نے آپریشن سندور کی کامیابی پر  فوجی جوانوں کو شاباشی دی ۔ انہوں نے کہا کہ ہمارا ہمسایہ ایسا نہیں چاہتا کہ بھارت 2047 تک ایک ترقی یافتہ ملک بنے ۔

-------

درخشاں اندرابی

اس دوران سینئر بی جے پی لیڈر  اور جموں کشمیر وقف بورڈ کی چیر پرسن ڈاکٹر درخشاں اندرابی نے سرحدی شیلنگ کے مہلوکین کے قریبی لواحقین کو سرکاری نوکری دینے کے منوج

سنہا کے اعلان کا خیر مقدم کیا ہے ۔ انہوں نے کہا کہ اس اقدام سے ان متاثرین کو ایک بڑی راحت ملے گی جو پاکستان کی کاروائی کے شکار بن گئے ۔

وفد

آپریشن سندور سے متعلق بھارت کی سفارتی روابط کی مہم شروع ہو گئی ہے۔ اس سلسلے میں جنتا دل یونائٹڈ کے رکن پارلیمان سنجے کمار جھا کی قیادت والا، پہلا وفد5ممالک کے دورے پر روانہ ہو گیاہے۔ یہ وفد انڈونیشیا، ملیشیا، جمہوریہ کوریا، جاپان اور سنگا پور میں ہر طرح کی دہشت گردی سے نمٹنے کےلئے ملک کے پختہ عزم کو اُجاگر کرے گا۔ ایک اور وفد شیوسینا کے ممبر پارلیمنٹ شری کانت شنڈے کی قیادت میں متحدہ عرب امارات، لائبیریا، جمہوریہ کانگو اورSira Leone۔ کے دورے پر روانہ ہوا ہے

صوبائی کمشنر کشمیر

صوبائی کمشنر کشمیر وجے کمار بدھوری کی صدارت میں منعقدہ ایک میٹنگ کے دوران جھیل ڈل کے دو سو میٹر دائرے کے اندر تعمیراتی ڈھانچوں کی تجدید و مرمت سے متعلق پالیسی وضع کرنے پر تبادلہ خیال کیا گیا ۔ ڈل اور نگین جھیلوں کے دو سو میٹر کے دائرے میں جو تعمیرات قانونی احکامات کے مطابق 19 جولائی 2002 سے پہلے کھڑے کئے گئے ہیں ،میٹنگ میں ان کی تجدید و مرمت کی اجازت دینے کے لئے ضوابط پر تبادلہ خیال کیا گیا ۔

ورکشاپ

MSME جموں کشمیر میں کے ماحول کو مضبوط کرنے کی غرض سے محکمہ ہینڈی کرافٹس اینڈ ہینڈ لوم کشمیر اور نیشنل انسٹیچوٹ آف فیشن ٹیکنالوجی سرینگر نے صلاحیت سازی کا ایک روزہ پروگرام منعقد کیا ۔پروگرام کی صدارت ڈپٹی کمشنر سرینگر ڈاکٹر بلال محی الدین بٹ نے کی ، جس میں سرینگر ، بڈگام اور گاندربل اضلاع سے تعلق رکھنے والے زائد از ایک سو دستکاروں نے شرکت کی ۔ ورکشاپ میں مصنوعات کی صحیح اور نئے انداز کی پیکیجنگ اور برینڈنگ پر زور دیا گیا ۔

کولگام

MSME ضلع صنعتی مرکز کولگام کی جانب سے بھی گورنمنٹ ڈگری کالج دمہال ہانجی پورہ میں کے یونٹوں کی کارکردگی بڑھانے سے متعلق ایک جانکاری پروگرام منعقد کیا گیا ۔پروگرام میں

ہینڈی کرافٹ ، ہینڈ لوم ، کوآپریٹیوز ، زراعت اور دیگر صنعتی سیکٹروں کے زائد از سو مستفیدین نے شرکت کی ۔

سرینگر

ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر سرینگر عادل فرید کی قیادت میں ضلع انتظامیہ سرینگر کی ایک ٹیم نے نوا کدل کے نرورہ ڈانگر پورہ کے آگ متاثرین کو فوری امداد پہنچائی ہے ۔ اس علاقے میں منگل وار کو آگ کی ایک واردات میں کچھ مکان جل گئے تھے ۔ متاثرین میں کمبل، بستر اور کچھ کِچن سامان تقسیم کیا گیا اور ریڈ کراس کے تحت کچھ عبوری امداد فراہم کی گئی ۔

درجہ حرارت

سرینگر میں رات کا کم سے کم درجہ حرارت15 اعشاریہ 4 ڈگری جبکہ جمو ں میں رات کا کم سے کم درجہ حرارت 26 اعشاریہ 5 ڈگری سیلسیس درج کیا گیا۔

اس کے ساتھ ہی خبروں کا یہ بلیٹن ختم ہوا ۔

خبروں کا اگلا بلیٹن دن میں بارہ بج کر تیس منٹ پر اردو میں نشر ہو گا ۔

ہمیں دیجئے اجازت

خدا حافظ